پریس ریلیز

گوجرانوالہ08مارچ 2023ء

گوجرانوالہ چیمبر آف کامرس کے نائب صدر عادل ندیم نے کہا کہ ورکرز اوران کے لواحقین کوطبی ودیگر سہولیات فراہم کرنامحکمہ سوشل سکیورٹی کی ذمہ داری ہے ورکرز کوطبی ودیگر سہولیات کی فراہمی میں کسی قسم کی کوتاہی کو برداشت نہیں کیا جائے گا بزنس کمیونٹی ہر ماہ اپنے ورکرز کی سوشل سکیورٹی واجبات پوری ذمہ داری کے ساتھ جمع کروارہی ہے جس سے آجر اوراجیر دونوں کوفائدہ ہورہا ہے۔معیشت کے استحکام میں مزدور کا کلیدی کردار ہے مزدور کوسہولتیں فراہم کئے بغیر نہ صنعت کا پہیہ چل سکتا ہے اورنہ ہی ادارے آگے بڑھ سکتے ہیں۔جبکہ مزدوروں کی خوشحالی کامیاب صنعتوں کی ضامن ہے۔ان خیالات کا اظہارانہوں نے سوشل سکیورٹی ہسپتال کی ایڈوائزری کمیٹی کی میٹنگ میں تبادلہ خیال کرتے ہوئے کیا۔جبکہ ایدوائزری کمیٹی کی سربراہی ڈائریکٹر سوشل سکیورٹی ملک نیاز احمد نے کی ۔اس موقع پر سابق سینئر نائب صدر محمد آصف مظفر،ڈاکٹر زاہد یوسف ایم ایس سوشل سکیورٹی ہسپتال،ڈاکٹر سیف اللہ چٹھہ ڈائریکٹر میڈیکل،محمد رفیع ڈائریکٹر فنانس،محمد فاروق بھٹی،نعمان حیدر اسسٹنٹ ڈائریکٹر آئی ٹی،محمد نعیم بٹ،محمد عاشق،مولوی اکرم،راجہ غلام مصطفےٰ لیبر لیڈر شامل تھے۔

انہوں نے کہا کہ ورکرز کواس وقت کارڈ کے حصول،ایجوکیشن،جدید طبی سہولیات،ڈیتھ گرانٹ،میرج گرانٹ کے حصول میں دشواریوں کا سامنا ہے لہٰذا محکمہ ان سہولیات میں آسانیاں پیدا کرے تاکہ مزدور طبقہ ان سہولتوں سے بہتر طریقے سے مستفید ہوسکے۔علاوہ ازیں انہوں نے اس بات پرزور دیا کہ ایڈوائزری کمیٹی کی ریگولر میٹنگ کا انعقاد ہونا چاہیئے اور جو بھی میٹنگ ہواس کے پراپر منٹس تیار کئے جائیں جوتمام ممبرز کو میٹنگ کے بعد ارسال کئے جائیں۔انہوں نے کہا کہ ریگولر میٹنگ کے انعقاد سے ہم نہ صرف ورکرز کے مسائل کو بہتر طریقے سے حل کرسکیں گے بلکہ اداروں کی کارکردگی میں بھی بہتری لا سکیں گے۔ جہاں تک گوجرانوالہ چیمبر آف کامرس کا تعلق ہے گوجرانوالہ چیمبر سوشل سکیورٹی ہسپتال کی اپ گریڈیشن کیلئے ماضی میں بھی اپنا کردارادا کرتا رہا ہے اوراب بھی کررہا ہے۔ڈائریکٹر سوشل سکیورٹی ملک نیاز احمد نے کہا کہ بالکل ہمیں ایسے اقدامات کرنے ہیں جن سے آجر اوراجیر سمیت کسی کا بھی استحصال نہ ہو یقیناً دونوں کے باہمی تعاون سے ہی ہدف حاصل کئے جاسکتے ہیں۔انہوں نے نائب صدر گوجرانوالہ چیمبر کے ویژن کی تعریف کی اور مستقبل میں بہتر لائزان پر اتفاق کیا۔